اور جامع تشریح، نظم ونثر میں مستعمل اصطلاحات کی وضاحت یہ سب اس میں شامل ہے۔ اہل ذوق اس شرح سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

''توضیحات رشیدیہ''

مولف: قاری رشید احمد اورکزئی۔ صفحات: 85۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: جامعہ یوسفیہ شاہووام ہنگو۔ خیبر پختونخوا۔فون 0341-9528028

''توضیحات رشیدیہ'' فوائد مکیہ کی سمجھیے کہ شرح ہے۔ انداز سوال و جواب کا ہے۔ اس کتاب میں مشکل عبارات واصطلاحات کی عام فہم اور جدید اسلوب میں توضیحات لکھی گئی ہیں۔ اگر کہیں عبارت دشوار یا مفہوم غیر واضح ہے تو اسے بھی خوب واضح کیا گیا ہے۔ مولف ماشاء اللہ خود بھی قاری ہیں اور درجہ ثانیہ کے طلبہ کو فوائد مکیہ بھی پڑھا رہے ہیں۔ دوران درس انہوں نے طلبہ کی آسانی کے لیے اس کتاب کو سوال و جواب کی صورت میں مرتب کیا تھا، جسے اب افادہ عام کے لیے شائع کیا ہے۔ اساتذہ کے لیے کافی مفید کتاب ہے۔

''نقوش سلیم''

تالیف: ڈاکٹر عبدالشکور عظیم۔ صفحات: 98۔ طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: محمد ہیلتھ کیئر سینٹر، جی ٹی روڈ سنانواں، تحصیل کوٹ اَدُّو۔ فون: 0345-71666525

جناب ڈاکٹر عبدالشکور عظیم صاحب حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مسترشد اور خلیفہ مجاز ہیں۔ آپ کے والد صاحب حاجی بشیر احمد زرگر مرحوم کا حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق تھا۔ یہی نسبت آپ کے بیٹے ڈاکٹر عبدالشکور عظیم صاحب میں بھی منتقل ہوئی۔ علماء سے محبت، ان سے میل جول اور ان کا اکرام واحترام آپ کا وطیرہ ہے۔ سن 2008ء سے تادم وفات ڈاکٹر صاحب کا حضرت شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اصلاحی تعلق رہا۔ اس دوران مکاتبت بھی ہوتی رہی۔ چونکہ یہ مکاتبت اصلاحی پہلو سے تھی اور جواب دینے والے اپنے وقت کے عظیم محدث، محقق، اور عالم کبیر تھے۔ اس لیے ان جوابات میں علم وتقویٰ اور اصلاح باطن کی شان جلوہ گر ہے۔ محترم ڈاکٹر صاحب کی خوش نصیبی کہ انہوں نے ہر خط کو سنبھال کر رکھا اور اب انہیں ایک مجموعے کی صورت دے کر منظر عام پر لائے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے یہ اہتمام بھی کیا ہے کہ ہر خط کا عکس بھی شامل کر دیا ہے۔ جس سے یہ ایک یادگار مجموعہ بن گیا ہے۔ ''نقوش سلیم'' سالکانِ راہ طریقت کے لیے بلاشبہ ایک راہنما کتاب ہے۔